مہارتوں اور اعتماد کے سیشنز اور ایونٹس کے لیے
قومی ای-سائیکل اسکیم (**National E-Cycle Scheme**) کی شرائط و ضوابط
19 مئی 2023
لائیو

## 1. تعارف

1.1. قومی ای-سائیکل اسکیم ("اسکیم") کے تحت 'سائیکلنگ کو آسان بنائیں' ('Making cycling e-asier') ایونٹ ("ایونٹ") کے لیے ان شرائط و ضوابط کا آپ کی بُکنگ پر اطلاق ہوتا ہے۔

1.2. ایونٹ میں جگہ بُک کروا کر، آپ نے تصدیق کی ہے کہ آپ ایونٹ میں شرکت کرنا پسند کریں گے اور جیسے کہ آپ کی علیحدہ بُکنگ کی تصدیق میں بیان کیا گیا ہے کہ ہم نے آپ کو ایونٹ میں شرکت کرنے کی اجازت دینے اور ایونٹ کے دوران استعمال کرنے کے لیے ایک الیکٹرک بائیسکل ("ای-سائیکل")، کے ساتھ لوازمات اور منسلکات فراہم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

1.3. ایونٹ اور ای-سائیکل اور فراہم کردہ کوئی بھی لوازمات (بشمول لائٹس، لاکس، اور ہیلمٹس) زیادہ سے زیادہ 2 گھنٹے کے لیے قابلِ استعمال ہوں گے اور یہ سب آپ کو مفت فراہم کیا جاتا ہے۔

1.4. ایونٹ کی بُکنگ اور ہمارے بُکنگ مینجمنٹ سسٹم پر متعلقہ باکس کو نشان زد کر کے، آپ ان شرائط و ضوابط ("شرائط") کی تعمیل کرنے اور ان کے پابند ہونے سے اتفاق کرتے ہیں۔

1.5. منفرد شرائط و ضوابط کا اطلاق ای-سائیکل کے کسی بھی قرض پر ہو سکتا ہے، جو ہماری طرف سے آپ کو علیحدہ سے دستیاب کروائے جائیں گے۔

1.6. براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر آپ ان شرائط میں سے کسی کی خلاف ورزی کرتے ہیں، تو ہم ایونٹ تک آپ کی رسائی کی اجازت کو مسترد کر سکتے ہیں اور/یا آپ سے ایونٹ سے دستبرداری کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

## 2. ہم سے اور اسکیم سے متعلق معلومات

2.1. ہم سائیکلسٹس ٹوؤرنگ کلب (سائیکلنگ UK کے طور پر تجارت کرتے) ہیں اور کمپنی نمبر 25185 کے تحت انگلینڈ اور ویلز میں تشکیل یافتہ اور رجسٹرڈ ہیں اور انگلینڈ اور ویلز میں چیریٹی نمبر 1147607 کے تحت ایک چیریٹی کے طور پر اور اسکاٹ لینڈ میں چیریٹی نمبر SC042541 کے تحت رجسٹرڈ ہیں، جن کا رجسٹرڈ دفتر Parklands, Railton Road, Guildford, Surrey GU2 9JX ("سائیکلنگ UK") پر ہے۔

2.2. اسکیم کا مقصد عوامی آگاہی اور اس سے متعلق فہم میں اضافہ کرنا، اور ای-سائیکلز کے استعمال کو تیزی سے فروغ دینا ہے۔ ہمیں اسکیم کا انعقاد کرنے کے لیے محکمہ برائے ٹرانسپورٹ کی جانب سے فنڈنگ وصول ہوئی ہے۔

2.3. آپ ان شرائط، اپنے ای-سائیکل، ایونٹ اور/یا اسکیم کے حوالے سے کسی بھی قسم کے سوالات کے لیے ہم سے ای میل کے ذریعے اس پر رابطہ کر سکتے ہیں: bookings.makingcyclingeasier@cyclinguk.org

## 3. ایونٹ بُکنگ

3.1. ایونٹ میں جگہ بُک کرنے کے لیے، آپ پر لازم ہے:

3.1.1. 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہوں ؛ایک ماہر اور باصلاحیت سائیکلسٹ ہوں؛

3.1.2. یقینی بنائیں کہ بُکنگ کے طریقہ کار کے دوران آپ کی جانب سے فراہم کردہ تمام ڈیٹا درست، مکمل اور غلط فہمی میں مبتلا کرنے والا نہ ہو؛

3.1.3. ان شرائط سے متفق ہوں۔

3.2. ہم اپنی مکمل صوابدید پر ایونٹ میں شرکت کے لیے آپ کی بُکنگ کی درخواست کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

3.3. ایونٹ میں حاضر ہوتے وقت آپ کو اپنی شناخت کا ثبوت (مثلاً، ڈرائیونگ لائسنس، پاسپورٹ، UK کا بائیومیٹرک رہائشی اجازت نامہ ((BRP)، پناہ گاہ کا رجسٹریشن کارڈ (ARC)،UK کے علاوہ کہیں اور رہائش پذیر ہونے کی صورت میں وہاں کا قومی ID کارڈ وغیرہ یا جائے کار یا تعلیمی مرکز پر منعقد ہونے والے ایونٹ کے لیے عملے / NHS / طالب علم کا ID پاس) فراہم کرنا، اور اپنے ساتھ اپنی بُکنگ کی تصدیق بھی لانا ضروری ہے۔ تصویری ID کو ترجیح دی جاتی ہے،

تاہم تصویری ID نہ ہونے کی صورت میں ہم یوٹیلیٹی بل، کونسل ٹیکس بل، یا گزشتہ 3 ماہ میں جاری کردہ بینک سٹیٹمنٹ قبول کر لیں گے، اور یہ آپ کا مکمل نام اور پتہ ظاہر کرے۔

3.4. آپ کی بُکنگ کی تصدیق پر بیان کردہ تاریخ اور وقت کے مطابق ایونٹ کا آغاز اور اختتام ہوتا ہے۔

3.5. نگرانی اور تشخیص کے مقاصد کے لیے، ایونٹ کی بُکنگز انفرادی طور پر کرنا ضروری ہیں۔ ہر بُکنگ صرف اس فرد کے لیے درست ہے جس کا نام بُکنگ کی تصدیق پر ظاہر ہوتا ہے اور آپ ہر ایونٹ پر صرف ایک شخص کو بُک کر سکتے ہیں۔ شک و شبے سے احتیاط برتنے کے لیے، شرکت کنندگان ایک سے زائد ایونٹ میں شرکت کرنے کے اہل ہیں۔

3.6. آپ ہمارے نگرانی اور تشخیص کے عمل میں شرکت کرنے سے اتفاق کرتے ہیں، جس میں ایک ایونٹ سے قبل کا سروے اور دو ایونٹ کے بعد کے سرویز شامل ہیں۔ آپ گمنام طور پر سرویز کا جواب دے سکتے ہیں۔

3.7. ایونٹ میں آپ کی شرکت کے بعد، سائیکلنگ UK یا محکمہ برائے ٹرانسپورٹ کا تشخیصی شراکت دار، اسٹیر، آپ کو اسکیم، ایونٹ، سے متعلق مزید تحقیق میں حصہ لینے، اور اس میں آپ کو شرکت کی دعوت دینے کی خاطر آپ سے رابطہ کر سکتا ہے۔

## 4. آپ کی ذمہ داریاں

4.1. ایونٹ میں شرکت کرتے وقت، آپ پر لازم ہے:

4.1.1. ان شرائط اور تمام قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کریں؛

4.1.2. ای-سائیکل اور دیگر کسی بھی ساز و سامان کا استعمال سمجھداری اور ذمہ داری سے کریں؛

4.1.3. ای-سائیکل اور دیگر کسی بھی ساز و سامان کا استعمال ہمارے ایونٹ کے عملے کی جانب سے فراہم کردہ تمام ہدایات کے مطابق کریں؛

4.1.4. ہمارے ایونٹ کے عملے کی جانب سے فراہم کردہ صحت اور حفاظت سے متعلق تمام ہدایات اور مشورے پر عمل کریں؛ اور

4.1.5. ایونٹ کے عملے اور دیگر شرکت کنندگان کے ساتھ مہذب انداز میں اور احترام سے پیش آئیں اور ایونٹ پر ایونٹ کے عملے کی جانب سے قائم کردہ کسی بھی ہدایات یا اصولوں کی تعمیل کریں۔

4.2. ایونٹ میں شرکت کرتے وقت، آپ پر لازم ہے کہ ان سب سے اجتناب برتیں:

4.2.1. فراہم کردہ ای-سائیکل یا کسی بھی دیگر مواد، ساز وسامان اور لوازمات کو نقصان پہنچانا، خراب کرنا یا توڑ پھوڑ کرنا؛

4.2.2. ای-سائیکل کا استعمال ریسنگ، اسٹنٹ یا ٹرک رائیڈنگ کے لیے کرنا؛

4.2.3. الکحل، گہرے اثرات مرتب کرتی ادویات یا دیگر منشیات کے زیرِ اثر ایونٹ میں شرکت کرنا؛

4.2.4. ہماری واضح اجازت کے بغیر ایونٹ کے مقام، ای-سائیکل، کسی بھی شرکت کنندہ یا ہمارے انسٹرکٹر (انسٹرکٹرز) کی تصاویر بنانا؛

4.2.5. ہماری قطعی اجازت کے بغیر اپنا موبائل فون استعمال کرنا؛

4.2.6. غیر سماجی، سخت، نسل پرستی، جنس پرستی، جارحانہ یا مشتعل رویے کا مظاہرہ کرنا بشمول (تاہم ان تک محدود نہیں) ایسا سلوک روا رکھنا جو دیگر افراد کے لیے خطرے، بدسلوکی یا پریشانی کا باعث بنے یا ممکنہ طور پر سبب بن سکتا ہو، یا ایسا طریقہ جو ہمارے ایونٹ کے عملے یا دیگر کسی بھی شرکت کنندہ کو ہراساں کرنے کے مترادف ہو۔

4.3. ایونٹ کے اختتام پر، آپ پر لازم ہے کہ ہماری طرف سے ایونٹ کے دوران مہیا کی گئی ای-سائیکل اور کوئی بھی فراہم کردہ مواد، لوازمات یا دیگر ساز و سامان کو اسی حالت میں واپس کریں جیسے وہ فراہم کیے گئے تھے۔

4.4. اگر ہمیں محسوس ہوا کہ آپ کا رویہ جارحانہ، غیر قانونی، دھمکی آمیز، ہتک آمیز، غیر مناسب، نقصان پہنچانے کا سبب ہے، یا دیگر شرکت کنندگان، ایونٹ کے عملے، ہمارے کسی بھی ایجنٹس اور/یا عام عوام کے لطف، آرام یا حفاظت کے لیے نقصان دہ سمجھا جاتا ہے، یا بصورت دیگر ان شرائط کی خلاف ورزی کی جاتی ہے، تو ہم اپنی مکمل صوابدید پر، ایونٹ میں آپ کی شرکت کو مسترد کرنے اور/یا آپ کو ایونٹ سے خارج کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ اس میں ایسے طریقے سے کام کرنا شامل ہے جس کے نتیجے میں پراپرٹی (بشمول، ای-سائیکل، تاہم اس تک محدود نہیں) کو نقصان پہنچ سکتا ہے یا ممکنہ طور پر اس کا سبب بن سکتا ہے۔

4.5. اگر آپ کو مذکورہ بالا شق 4.4 میں بیان کردہ حالات کے تحت ایونٹ سے خارج کر دیا جاتا ہے تو اس کا زرتلافی فراہم نہیں کیا جائے گا، اور ہم مستقبل کے (یا مماثل) ایونٹس کے لیے آپ کی یا آپ کی پارٹی کے کسی ممبر کی مزید کوئی بھی بُکنگز مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

4.6. ہم آپ کے اقدامات کے نتیجے میں آپ کو پہنچنے والے نقصان، خسارے، تاخیر یا اخراجات، یا کوئی بھی پراپرٹی، املاک، اشیاء یا مماثل چیزیں جو ایونٹ میں آپ اپنے ہمراہ لاتے ہیں، ان کے نقصان، چوری یا خسارے کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ شک و شبے سے احتیاط برتنے کے لیے، ہم آپ کے لیے کسی بھی صورت اپنی ذمہ داری سے مستثنیٰ نہیں ہوتے یا محدود نہیں کرتے جہاں ایسا کرنا غیر قانونی ہو گا۔ لہٰذا، ان شرائط کے تحت کوئی بھی چیز ہماری غفلت، یا فریب یا فریب کاری سے متعلق غلط بیانی، یا کسی بھی دوسرے معاملے کے نتیجے میں ہونے والی موت یا جسمانی چوٹ کسی بھی طرح ہمیں اپنے احساسِ ذمہ داری سے مستثنیٰ یا محدود نہیں کرتی کہ جب اپنی ذمہ داری سے ہمارا مستثنیٰ ہونا یا محدود کرنا (یا مستثنیٰ ہونے یا محدود کرنے کی کوشش کرنا) غیر قانونی یا خلافِ قانون ہو گا۔

## 5. تحفظ اور حفاظت

5.1. ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمارے ایونٹس میں شرکت کرتے وقت ایک محفوظ اور پُرلطف تجربے سے مستفید ہوں۔ مذکورہ بالا شقوں 4.1 اور 4.2 میں بیان کردہ استعمال کے تقاضوں کی تعمیل کرنے کے علاوہ، ہم آپ سے ایونٹ کے دوران احتیاط برتنے اور اچھا تعین استعمال کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں، اور ہم پُرزور مشورہ دیتے ہیں کہ ہمارے ایونٹس میں شرکت کرتے وقت ہیلمٹ پہنیں اور مناسب حفاظتی ساز و سامان اور لباس کا استعمال کریں۔

5.2. آپ قبول کرتے ہیں کہ سائیکلنگ میں خطرات کا امکان ہے اور آپ تسلیم کرتے ہیں کہ آپ ایک باصلاحیت سائیکلسٹ ہیں جو ایونٹ میں سائیکل کو محفوظ طور پر اور ذمہ داری سے استعمال کریں گے۔ ای-سائیکل کو بلا خوف و خطر استعمال کرنے کے لیے آپ اپنی جسمانی قابلیت کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں اور آپ اپنی ذمہ داری پر رائیڈ کرنے سے اتفاق کرتے ہیں۔

5.3. ہمارے کسی بھی ایونٹس میں شرکت کرتے وقت آپ اپنے ذاتی سامان کی حفاظت کے خود ذمہ دار ہیں۔

5.4. ہمارے کسی بھی ایونٹس میں شرکت کرنے سے قبل آپ کو تمام متعلقہ طبی معلومات ہمیں فراہم کرنی ہیں اور یہ یقینی بنانا آپ کی مکمل ذمہ داری ہے کہ آپ شرکت کرنے کے لیے جسمانی طور پر فٹ اور صحت مند ہیں۔ اگر آپ پُر یقین نہیں ہیں، تو براہ کرم ہم سے ای میل کے ذریعے اس پر رابطہ کریں: bookings.makingcyclingeasier@cyclinguk.org۔

## 6. اخراج اور معطلی

6.1. اگر آپ کسی بھی وقت ان شرائط (بشمول، شق 4.1 اور 4.2 کے تحت ہمارے استعمال کے تقاضہ جات، تاہم ان تک محدود نہیں)، اور/یا کسی بھی قابلِ اطلاق قوانین کی تعمیل کرنے میں ناکام رہتے ہیں، تو ہم ان شرائط کے تحت آپ کو ایونٹ سے خارج کرنے کے حقوق رکھنے کے علاوہ، اسکیم میں آپ کی شرکت کو خارج یا معطل کر سکتے ہیں۔

6.2. جہاں ایسی عدم تعمیل مجرمانہ نوعیت کی ہو سکتی ہے، بشمول ای-سائیکل کی چوری (تاہم اس تک محدود نہیں)، تو ہم معاملہ پولیس کو ریفر کرنے اور تمام متعلقہ معلومات ان کے سامنے منکشف کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ پولیس کی جانب سے حاصل کردہ معلومات (خواہ ہماری یا فریق ثالث کی طرف سے) ایونٹ میں آپ کی شرکت کو خارج یا معطل کرنے کے لیے استعمال ہو سکتی ہیں۔

6.3. اگر آپ کو اسکیم سے خارج یا معطل کر دیا جاتا ہے، تو ہم اپنی مکمل صوابدید پر آپ کی ایونٹ بُکنگ منسوخ کر سکتے ہیں۔

## 7. ذمہ داری اور انشورنس

7.1. ایونٹ کے دوران استعمال کی جانے والی ای-سائیکل اور کوئی بھی لوازمات ہماری ملکیت (یا قابلِ اطلاق ہونے کی صورت میں، ہمارے شراکت داروں کی پراپرٹی) رہیں گے۔

7.2. ایونٹ کے دوران استعمال کرنے کے لیے آپ کو فراہم کردہ ای-سائیکل اور کسی بھی دیگر مواد کے کسی بھی قسم کے خسارے، چوری یا نقصان کے لیے آپ ذمہ دار ہیں۔

7.3. ہم ان شرائط کے تحت اپنے کسی بھی فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی تاخیر یا ناکامی کے لیے ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہیں جس کا سبب ہمارے معقول کنٹرول سے باہر ہونے والے ایونٹس ہیں۔

7.4. بعض جائے کاروں میں منعقد کیے جا رہے ایونٹس کے لیے، ہم TIER ای-سائیکلز پر فراہم کردہ Qi (وائر لیس) چارجنگ اور/یا موبائل فون کے ہولڈرز کی ناکامی یا خرابی کے لیے ذمہہ دار یا جواب دہ نہیں ہیں۔

7.5. سائیکلنگ UK ایونٹ سے متعلق عوامی ذمہ داری کی انشورنس کو برقرار رکھتا ہے۔

## 8. ڈیٹا کی حفاظت

8.1. ہماری رازداری کی پالیسی (لنک نیچے شامل کر دیا گیا) یہ انتظام کرتی ہے کہ ہم کی آپ کی ذاتی معلومات کو کس طرح استعمال کر سکتے ہیں۔ براہ کرم رازداری کی پالیسی کا بغور جائزہ لیں۔
https://www.cyclinguk.org/article/making-cycling-e-asier-privacy-notice

## 9. تنسیخ

9.1. آپ bookings.makingcyclingeasier@cyclinguk.org پر ای میل کر کے ہم سے رابطہ کر کے اپنی ایونٹ بُکنگ کو تبدیل یا منسوخ کر سکتے ہیں

9.2. آپ ایونٹ کی کوئی بھی بُکنگ کسی دوسرے فرد کو منتقل نہیں کر سکتے یا بُکنگ کی تصدیق پر درج کردہ نام کو تبدیل نہیں کر سکتے۔

9.3. آپ کی ایونٹ بُکنگ اسکیم کے جاری رہنے سے مشروط ہے۔ ہم کسی بھی وجہ سے بشمول (تاہم ان تک محدود نہیں) اسکیم کا ختم ہونا، موسم کی خراب صورتحال یا ایونٹ کو محفوظ طریقے سے منعقد کرنے میں ناکامی کی صورت میں آپ کی جانب سے کی گئی ایونٹ کی کوئی بھی بُکنگ منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

## 10. شکایتیں

10.1. اگر آپ کے ان شرائط، اپنی بُکنگ، یا ایونٹ سے متعلق کوئی سوالات ہیں، یا آپ کوئی شکایت درج کروانا چاہتے ہیں، تو براہ کرم ہم سے ای میل کے ذریعے اس پر رابطہ کریں:
bookings.makingcyclingeasier@cyclinguk.org

## 11. اپ ڈیٹس

11.1. ہم وقتاً فوقتاً ان شرائط و ضوابط کو تبدیل یا اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔

## 12. دیگر

12.1. آپ کا جلد از جلد (اور کسی بھی صورت میں، ایونٹ کی تاریخ سے قبل) اپنے رابطے کی تفصیلات میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں ہمیں اس ای میل پر رابطہ کر کے مطلع کرنا ضروری ہے:
bookings.makingcyclingeasier@cyclinguk.org۔

12.2. آپ کے اور ہمارے علاوہ کوئی بھی اس معاہدے کا فریق نہیں ہے۔ کسی دوسرے شخص کو ان شرائط میں سے کسی کو نافذ کرنے کے حقوق حاصل نہیں ہوں گے۔

12.3. آپ ان شرائط کے تحت کسی دوسرے شخص کو اپنے حقوق منتقل یا تفویض نہیں کر سکتے۔

12.4. ان شرائط کا ہر پیراگراف انفرادی حیثیت سے آپریٹ کرتا ہے۔ اگر کوئی عدالت یا متعلقہ اتھارٹی اس بات کا تعین کرتی ہے کہ ان شرائط میں سے کوئی بھی خلافِ قانون ہے، تو باقی پیراگراف اس حد تک پوری قوت اور اثر میں رہیں گے جس حد تک وہ قابلِ اطلاق (اور اس کے مطابق ترتیب دیے گئے) ہوتے ہیں۔

12.5. ان شرائط کے تحت کسی بھی حق یا شق کو نافذ کرنے میں ناکامی ایسے حق یا شق سے دستبرداری خیال نہیں کی جائے گی۔

12.6. اگر ان شرائط کا ترجمہ کسی اور زبان میں کیا گیا ہے اور شرائط کے ورژنز کے مابین کسی قسم کے عدم مطابقت ہوئی، تو انگریزی زبان کے اس ورژن کو ترجیح حاصل ہو گی۔

12.7. یہ شرائط انگریزی اور ویلش قانون کی جانب سے انتظام کردہ ہیں اور ان شرائط کے حوالے سے ہمارے مابین کسی بھی قسم کے تنازعات کی سماعت انگریزی اور ویلش عدالتوں میں کی جائے گی۔